# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 18 March-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۸/مارچ ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ طلبہ کے سالانہ تعلیمی اسکالرشپ میں اضافہ کرنے کی پارلیمانی کمیٹی کی سفارش۔

☆ پرانے ریلوے کوچ کو بدل کر جدید کوچ جوڑے جائیں گے: ریلوے وزیر اشونی ویشنو کی اطلاع۔

☆ ریاست کی مالی حالت بہتر ہے، حکومت سماجی بہبود کی اسکیموں کو نہیں روکے گی: اسمبلی میں اجیت پوار کا بیان۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی شیواجی مہاراج کا تاریخ کے مطابق یومِ پیدائش ہر طرف جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

پارلیمانی کمیٹی نے کہا ہے کہ طلبہ کو دی جانے والی اسکالرشپ مہنگائی کی وجہ ان کے باقاعدہ اخراجات پورے کرنے کیلئے کافی نہیں ہے۔ یہ رپورٹ کل پارلیمنٹ میں پیش کی گئی۔ اس ضمن میں سماجی انصاف محکمے، وزارتِ تعلیم و دیگر متعلقہ اداروں کو مختلف کورسیز کے طلبہ کی سالانہ اسکالرشپ کی رقم کا جائزہ لینے کی ہدایات بھی دی گئیں۔

***** ***** *****

ملک بھر میں تمام ریلوے کوچز کو جدید ایل ایچ بی کوچز سے تبدیل کیا جائے گا۔ وزیرِ ریلوے اشونی ویشنو نے کل راجیہ سبھا میں یہ اطلاع دی۔ ویشنو نے بتایا کہ اب تک 41 ہزار ایل ایچ بی کوچز تیار کیے جاچکے ہیں۔ انھوں نے کہا:

**BYTE: ASHVINI VAISHNAV**

***** ***** *****

وزیرِ خزانہ اجیت پوار نے واضح طور پر کہا ہے کہ ریاست کی مالی حالت کے بارے میں بے بنیاد الزامات لگا کر جھوٹی تصویر نہ بنائیں کہ ریاست کی مالی حالت خراب ہوگئی ہے۔ وہ کل اسمبلی میں بجٹ پر بحث کا جواب دے رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے پندرہ سالوں میں ریاست کا قرض جی ڈی پی کا تناسب 16 سے 19 فیصد رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ مہاراشٹر سمیت ملک کی صرف تین ریاستوں میں قرض کا تناسب 20 فیصد سے کم ہے۔ پوار نے نشاندہی کی ہے کہ محصول خسارہ اور مالیاتی خسارے بھی محدود ہیں۔ پوار نے واضح کیا کہ حکومت ریاستی اور سماجی بہبود کی اسکیموں کو بند نہیں کرے گی، لیکن غیر ضروری اسکیموں کو یقیناً بند کرے گی۔ پوار نے کہا کہ لاڈلی بہن اسکیم میں تبدیلی کی جائے گی۔ اسی طرح بیڑ ضلع میں ایک اچھی طرح سے سہولیات سے لیس ہوائی اڈہ کے قیام کے کاموں میں تیزی لائی جائے گی۔

***** ***** *****

خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیرآدیتی تٹکرے نے کل قانون ساز کونسل میں کہا کہ تمام نجی اداروں میں وِشاکھا کمیٹی قائم کرنا لازمی قرار دیا جائے گا۔تٹکرے نے کہا کہ خواتین واطفال ترقی کمشنریٹ کو ریاستی کو آرڈینیٹنگ آفیسر کے طور پر ذمہ داری دی گئی ہے اور خواتین ’’SHE BOX‘‘ آن لائن پورٹل کے ذریعے بھی شکایات درج کرواسکتی ہیں۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں اپوزیشن لیڈر امباداس دانوے نے ایوان میں چھترپتی سمبھا جی نگر کے پانی فراہمی کا مسئلہ اٹھایا۔ پانی کا مناسب انتظام اگر کیا جائے تو چھترپتی سمبھا جی نگر کو کم از کم دو دِن میں پانی ملے گا۔

بیڑ ضلع کے کیج کے معلم دھننجئے ناگر گوجے کی خودکشی کے معاملے میں متعلقہ ڈائریکٹر کے خلاف مقدمہ درج کیا جانا چاہیے۔ دانوے نے تجویز پیش کی کہ ڈائریکٹر کیلئے غیر امدادی اسکولوں میں اساتذہ کو تنخواہ دینا لازمی قرار دیا جائے۔ وزیرِ مملکت برائے داخلہ پنکج بھوئیر نے کہا کہ معاملے کی مکمل جانچ کی جائے گی اور کارروائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

وزیرِ زراعت مانک راؤ کوکاٹے نے قانون ساز کونسل میں اطلاع دی کہ پربھنی کی وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی کے تحت جالنہ ضلع کے بدنا پور میں زرعی تحقیقی مرکز کو مضبوط بنانے کیلئے دو کروڑ 85 لاکھ روپئے اور بنیادی ڈھانچے کیلئے 14 کروڑ 35 لاکھ روپئے منظور کیے جائیں گے۔

***** ***** *****

محصول وزیر چندر شیکھر باون کڑے نے بتایا کہ ریاستی حکومت ریت کی نکاسی پر قابو پانے کیلئے ایک جامع ریت پالیسی تیار کرے گی۔ کل قانون ساز کونسل میں خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ گوداوری کی وادی میں ریت کی نکاسی کے سلسلے میں سات دِنوں کے اندر اندر جانچ کر کے قصورواروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔

دریں اثناء باون کڑے 18 تاریخ کو صبح دس بجے ناگپور آرہے ہیں۔ وہ محل علاقے کا دورہ کریں گے اور سینئر افسران سے تبادلۂ خیال کریں گے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کی پانچ خالی نشستوں کے ضمنی انتخابات کیلئے درخواستیں داخل کرنے کے آخری دن کل چھ امیدواروں نے اپنی درخواستیں داخل کیں۔ راشٹروادی کانگریس کی جانب سے سنجے کھوڑکے، بی جے پی سے سنجئے کینیکر، دادا راؤ کیچے، اور سندیپ جوشی، جبکہ شیوسینا سے چندرکانت رگھوونشی اور آزاد امیدوار اُمیش مہیترے نے درخواست داخل کیں۔ اس انتخاب میں ضرورت پڑنے پر 27 مارچ کو رائے دہی اور رائے شماری کی جائے گی۔

***** ***** *****

ناگپور کے محل علاقے میں کل شام دو گروہوں کے درمیان کشیدگی پیدا ہوگئی۔ یہ واقعہ مذہبی شبیہ کی مبینہ توڑ پھوڑ، پتھراؤ اور کچھ کاروں کو جلانے کی وجہ سے پیش آیا۔ پولس کو علاقے میں ہجوم کو منتشر کرنے کیلئے آنسو گیس اور لاٹھیوں کا استعمال کرنا پڑا۔ ناگپور کے پولس کمشنر رویندر سنگھل نے امن وامان برقرار رکھنے کیلئے محل علاقے میں دفعہ 144 نافذ کردیا ہے۔

مرکزی وزیر نتن گڈکری اور وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے شہریوں سے افواہوں پر یقین نہ کرنے اور امن وامان برقرار رکھنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی شیواجی مہاراج کا تاریخ کے حساب سے یومِ پیدائش کل ریاست کے مختلف مقامات پر منایا گیا۔اس موقع پرشیوعقیدت مندوں کی جانب سےشیونیری سمیت مختلف قلعوں پر کئی پروگرام منعقد کیے گئے۔چھترپتی شیواجی مہاراج کے 45 فٹ کےمجسّمے کی تھانے میں نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے نقاب کشائی کی،جبکہ تھانےضلع کے بھیونڈی میں چھترپتی شیواجی مہاراج مندر کا افتتاح وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کیااوراعلان کیا کہ مندر کومقام زیارت کا درجہ دیا جائے گااور مندر کی ترقی کیلئےحکومت کی طرف سے ہرطرح کا تعاون کیا جائے گا۔

دریں اثناء پھڑنویس نے کہا کہ اورنگ زیب کےنظریات کی توقیر کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائیگی۔انھوں نے کہا کہ ASI نے پچاس سال پہلے اسے محفوظ یادگارقرار دیا ہےاوراس کی حفاظت ہمیں کرنی پڑتی ہے۔اس طرح اورنگ زیب کی تعریف کوئی کرے گا تو اسے قبول نہیں کیا جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگرضلعے کے خلدآباد میں اورنگ زیب کی قبر کو ہٹانے کے مطالبے کے چلتے وشو ہندو پریشد اور بجرنگ دَل کی جانب سے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ان تنظیموں نے کل ریاست بھر کےمختلف مقامات پراحتجاج کیا۔

***** ***** *****

لاتور میں شیوسینا شہر شاخ نے چھترپتی شیواجی کے مجسّمے کو پھول چڑھا کرخراجِ عقیدت پیش کیا۔اس موقع پرشیوچھترپتی لائبریری کو چھترپتی شیواجی مہاراج اور چھترپتی سمبھاجی مہاراج کی زندگی پرمبنی کتابیں دی گئیں۔

***** ***** *****

ناندیڑضلع پریشد کے سال 26-2025 کے 22 کروڑ 26 لاکھ روپئے کے بجٹ کو کل ایڈمنسٹریٹر وسی ای او مینل کرنوال نے منظوری دی۔اس موقع پر25-2024 کےنظرِ ثانی شدہ بجٹ کوبھی منظوری دی گئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگرضلعے کے ایلورہ غاروں میں کل شہد کی مکھیوں نے سیاحوں پرحملہ کردیا۔غاروں کے علاقے میں پیش آئے اس حادثے میں چھ سیاح زخمی ہوگئے جبکہ ایک غیرملکی سیاح شہد کی مکھیوں کے بہت زیادہ ڈسنے سے بیہوش ہوگیا۔محکمۂ آثارِقدیمہ کے سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر شیوکمار بھگت نے بتایا کہ ان تمام کوچھترپتی سمبھاجی نگر کے سرکاری اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔

***** ***** *****

سماجی کارکن ترپتی دیسائی کوپولس کی طرف سے جاری کردہ نوٹس کے جواب میں،دیسائی نےکل بیڑ کے پولس سپرنٹنڈنٹ نونیت کانوت سے ملاقات کی۔انہوں نے پولس فورس میں شامل 26 پولس افسران ملازمین کی شکایات کےثبوت پیش کر کے ملازمین کی حمایت کرنے والے افسران کا فوری تبادلہ کرنے کا مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

پربھنی میں شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے کارکنان نے کل جائیکواڑی دفتر کے سامنے احتجاج کیا۔مشتعل کارکنوں نے پانی کی عدم فراہمی کی شکایت کرتے ہوئے دفتر کوقفل لگادیا۔چیف انجینئر جینت گولی کی پانی فراہم کرنے کی یقین دہانی کے بعداحتجاج ختم کردیا گیا۔

***** ***** *****

جالنہ ضلعے کےعنبڑ میں سب ڈویژنل آبی تحفظ افسر 45 ہزار روپے رشوت قبول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا۔سیمنٹ کے نالے کےتعمیری کام کے بل کومنظور کرنے کیلئے اُس نے یہ رشوت قبول کی تھی۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ طلبہ کے سالانہ تعلیمی اسکالرشپ میں اضافہ کرنے کی پارلیمانی کمیٹی کی سفارش۔

☆ پرانے ریلوے کوچ کو بدل کر جدید کوچ جوڑے جائیں گے: ریلوے وزیر اشونی ویشنو کی اطلاع۔

☆ ریاست کی مالی حالت بہتر ہے، حکومت سماجی بہبود کی اسکیموں کو نہیں روکے گی: اسمبلی میں اجیت پوار کا بیان۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی شیواجی مہاراج کا تاریخ کے مطابق یومِ پیدائش ہر طرف جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****